**28.10.2024**

**21.15 Hrs**

**HL-OPENNING**

آداب

یہ آکاشوانی ہے

خبروں کے ساتھ میں شبانہ بیگم

Music

..................................................................................

☆ وزیر اعظم نریندر مودی نے گجرات کے Amreli میں تقریباً چار ہزار 900 کروڑ روپئے مالیت کے ترقیاتی پروجیکٹوں کا آغاز کیا۔ انھوں نے بھارت ماتا سرووَر نامی آبی تحفظ کی پہل کا افتتاح بھی کیا۔

☆ بھارت اور اسپین نے ریل ٹرانسپورٹ،کسٹمز اور سرمایہ کاری سمیت مختلف شعبوں میں مفاہمت ناموں پر دستخط کئے ہیں۔ انھوں نے سال 2026 کو ثقافت، سیاحت اور مصنوعی ذہانت میں بھارت اور اسپین کے سال کے طور پر منانے سے بھی اتفاق کیا۔

☆ مہاراشٹر اور جھارکھنڈ میں اسمبلی انتخابات کیلئے کاغذاتِ نامزدگی داخل کرنے کا کُل آخری دن ہے۔ BJP نے مہاراشٹر انتخابات کیلئے 25 امیدواروں کی تیسری فہرست جاری کی ہے۔

☆ سکیورٹی فورسز نے جموں وکشمیر کے اخنور سیکٹر میں فوجی قافلے پر ایک حملے کے بعد ایک دہشت گرد کو ہلاک کردیا ہے۔

☆ اسرائیل نے غزہ پٹی میں قلیل مدتی جنگ بندی کیلئے مصر کی تجویز کو مسترد کردیا ہے۔

☆ اور ملک کا شیئر بازار، پانچ دن کے گراوٹ کے رجحان کے آج کچھ اضافے کے ساتھ بند ہوا۔

..................................................................................

(Music)

اب خبریں تفصیل سے

***PM Modi Gujrat***

وزیر اعظم نریندر مودی نے آج سہ پہر گجرات کے Amreli میں تقریباً 4 ہزار 900 کروڑ روپے کی مالیت کے ترقیاتی پروجیکٹوں کا افتتاح کیا اور سنگِ بنیاد رکھا۔ وزیر اعظم نے امریلی کے Dudhala میں ڈھولکیا فاؤنڈیشن کے بھارت ماتا سروور آبی تحفظ کی پہل قدمی کا بھی افتتاح کیا۔

اس موقع پر موجود لوگوں سے خطاب کرتے ہوئے، وزیر اعظم نے آبی تحفظ کے حکومت کے عزم کا اعادہ کیا۔ انہوں نے BJP کی قیادت میں حکومت کے تحت گجرات کی قابلِ ذکر کایہ پلٹ کا بھی خصوصی طور پر ذکر کیا۔ انہوں نے سوراشٹر کیلئے کایہ پلٹ کرنے والی Sauni یوجنا کو بھی اجاگر کیا۔

انہوں نے کہا کہ سڑکوں، ریلویز، پانی کی سپلائی اور سیاحت سے متعلق ان پروجیکٹوں کے آغاز سے ریاست

کے سوراشٹر، Kutch ، جونا گڑھ ، پوربندر ، Kutch اور Botad ضلعوں کے باشندوں کیلئے نمایاں طور پر سودمند ثابت ہوں گے۔ ان میں Navada سے Chavand تک پائپ لائن سے ایک ہزار 200 سے زائد گاؤوں کو 28 کروڑ لیٹر پانی سپلائی کیا جائے گا، جس سے تقریباً 67 لاکھ لوگ فیض یاب ہوں گے۔ x

## India Spain

آج بھارت اور اسپین نے ریل ٹرانسپورٹ، کسٹمز اور سرمایہ کاری سمیت مختلف شعبوں میں مفاہمت ناموں پر دستخط کئے۔ اِن سمجھوتوں پر وڈوڈرہ میں وزیر اعظم نریندر مودی اور اسپین کے صدر Pedro Sanchez کے درمیان باہمی اور وفد کی سطح کے مذاکرات کے بعد دستخط کئے گئے۔ وڈوڈرہ میں میڈیا کو تفصیلات بتاتے ہوئے وزارتِ خارجہ کے سکریٹری (مغرب) Tanmaya Lal نے بتایا کہ دونوں لیڈروں نے باہمی تعلقات اور باہمی مفادات کے عالمی معاملات کے مکمل منظرنامے پر نتیجہ خیز تبادلہ خیال کیا۔ جناب Lal نے کہا کہ دونوں ملک سال 2026 کو ثقافت، سیاحت اور مصنوعی ذہانت کے سال کے طور پر منائیں گے۔

S/B 2100 MEA Tanmaya Lal Culture

جناب Lal نے یہ بھی بتایا کہ بھارت اور اسپین کے درمیان باہمی تجارت دس ارب ڈالر تک پہنچ چکی ہے۔

S/B 2100 MEA Tanmaya Lal-Spain Trade

بات چیت کے بعد ایک مشترکہ بیان میں جناب مودی اور جناب Sanchez نے پائیدار توانائی کو فروغ دینے اور آب وہوا کی تبدیلی کے ساتھ موافقت کرنے میں تعاون کو مستحکم کرنے سے اتفاق کیا۔ دونوں لیڈروں نے کہا کہ وہ قابل تجدید توانائی کے شعبے میں مفاہمت نامے کی جلد تکمیل کے تئیں پُرامید ہیں۔ دونوں لیڈروں نے دہشت گردی کی ذیلی تنظیموں کے استعمال اور سرحد پار کی دہشت گردی سمیت تمام طرح کی دہشت گردی اور پُرتشدد انتہا پسندی کی مذمت کی۔

دونوں ملکوں میں عوام سے عوام کے رابطے اور سفارتی خدمات کو مزید مستحکم کرنے کیلئے، لیڈروں نے اسپین کے شہر Barcelona میں بھارت کے پہلے قونصلیٹ جنرل کے کام کاج شروع کرنے اور بینگلورو میں اسپین کا قونصلیٹ جنرل کھولنے کے فیصلے کا خیر مقدم کیا۔ وزیر اعظم مودی اور صدر Sanchez نے بھارت-یوروپی یونین جامع شراکت داری کو مستحکم کرنے اور جامع آزاد تجارت کے معاہدے، سرمایہ کاری کے تحفظ کے معاہدے اور جغرافیائی نشاندہی کے معاہدے کیلئے یوروپی یونین-بھارت سہ رخی مذاکرات میں پیشرفت کرنے کے تئیں اپنے عہد کا اعادہ کیا۔ دونوں لیڈروں نے یوکرین میں جنگ پر اپنی گہری تشویش کا اظہار کیا اور بین الاقوامی قانون کے مطابق امن کی ضرورت کا اعادہ کیا۔

انھوں نے مغربی ایشیا میں امن اور استحکام قائم کرنے کے اپنے مستحکم عزم کو بھی شیئر کیا اور تمام متعلقہ فریقین سے استقامت برتنے پر زور دیا۔ آج صبح دونوں لیڈروں نے مشترکہ طور پر C-295 فوجی طیارے کی مینوفیکچرنگ کیلئے ٹاٹا ایئرکرافٹ کمپلیکس کا افتتاح کیا۔ یہ ایئرکرافٹ کمپلیکس ہوا بازی کے شعبے میں ایک فلیگ شپ 'میک اِن انڈیا' پہل ہے اور بھارت میں فوجی طیاروں کو مینوفیکچرنگ کیلئے پہلی نجی شعبے کی فائنل اسمبلی لائن ہے۔ اسے ٹاٹا ایڈوانس سسٹم، ایئر

بس اسپین کے تعاون سے قائم کر رہا ہے۔ اس موقع پر خطاب کرتے ہوئے وزیر اعظم نریندر مودی نے کہا کہ ٹاٹا ایئر کرافٹ کمپلیکس عالمی ایرو اسپیس مینوفیکچرنگ میں ایک قابل اعتماد شراکتدار کے طور پر بھارت کی حیثیت کو مستحکم کرتا ہے۔

S/B 2100 PM Make In India

## PM Dhanvantari Jayanti

وزیر اعظم نریندر مودی Dhanvantari جینتی اور 9ویں آیوروید کے دن کے موقع پر کل نئی دلّی میں تقریباً 12 ہزار 800 کروڑ روپئے مالیت کے صحت کے شعبے سے تعلق رکھنے والے مختلف پروجیکٹوں کا آغاز، افتتاح کریں گے نیز سنگ بنیاد رکھیں گے۔ وزیر اعظم، آیوشمان بھارت پردھان منتری جن آروگیہ یوجنا میں ایک بڑے اضافے کے طور پر، 70 یا اُس سے زیادہ سال کے تمام سینئر سٹیزن کیلئے صحت کی کوریج کی توسیع کا بھی آغاز کریں گے۔ یہ تمام سینئر سٹیزنس کو، بلاامتیاز اُن کی آمدنی، صحت کوریج فراہم کرنے میں مدد کرے گا۔x

## Scrutiny Assembly Polls

مہاراشٹر میں واحد مرحلے اور جھارکھنڈ میں اسمبلی انتخابات کے دوسرے مرحلے کے انتخابات کیلئے کاغذاتِ نامزدگی داخل کرنے کا عمل کل ختم ہوجائے گا۔ مہاراشٹر میں 288 اسمبلی سیٹوں اور جھارکھنڈ میں 38 حلقوں کیلئے 20 نومبر کو ووٹ ڈالے جائیں گے۔ مہاراشٹر میں وزیر اعلیٰ ایکناتھ شندے اور نائب وزیر اعلیٰ اجیت پوار سمیت مختلف پارٹیوں کے امیدواروں نے آج اپنے کاغذاتِ نامزدگی داخل کئے۔ آج BJP نے مہاراشٹر اسمبلی انتخابات کیلئے 25 امیدواروں کی اپنی فہرست جاری کی۔ پارٹی نے سنیہا پریم ناتھ دُوبے کو Vasai اسمبلی حلقے سے جبکہ سدھاکر کوہالے کو ناگپور ویسٹ سیٹ سے ٹکٹ دیا ہے۔ ابھی تک پارٹی نے ریاستی اسمبلی انتخابات کیلئے 146 امیدواروں کے نام جاری کئے ہیں۔مہاراشٹر میں ناندیڑ لوک سبھا سیٹ اور اتراکھنڈ میں کیدارناتھ اسمبلی حلقے کیلئے ضمنی انتخابات بھی اِسی دن منعقد ہوں گے۔ بھارتیہ جنتا پارٹی نے ناندیڑ سیٹ کیلئے آج اپنے امیدوار کے طور پر ڈاکٹر Santuk Hambarde کے نام کا اعلان کیا ہے۔ کانگریس پارٹی نے اِس نشست سے اپنے امیدوار کے طور پر ڈاکٹر رویندر چوان کو میدان میں اتارا ہے۔ اِس سیٹ پر اگست میں رکن پارلیمنٹ وسنت چوان کے انتقال کے بعد ضمنی انتخاب ضروری ہوگئے تھے۔ جھارکھنڈ میں اسمبلی انتخابات کے پہلے مرحلے کیلئے آج کاغذاتِ نامزدگی کی جانچ پڑتال کی گئی۔ اس مرحلے میں 850 امیدواروں نے کاغذاتِ نامزدگی داخل کئے ہیں۔ اس مرحلے میں 43 حلقوں میں 13 نومبر کو پولنگ ہوگی۔ بدھ کے روز تک نام واپس لئے جاسکتے ہیں۔

جھارکھنڈ میں اسمبلی انتخابات دو مرحلوں میں منعقد ہو رہے ہیں۔

تفصیل ہمارے نمائندے سے.................

VC K.K. Lal

دوسرے مرحلے میں 20 نومبر کو 38 حلقوں میں ووٹ ڈالے جائیں گے۔ بدھ کے روز کاغذات کی جانچ پڑتال کی جائے گی۔ امیدوار اپنا نام یکم نومبر تک واپس لے سکتے ہیں۔ پہلے مرحلے کیلئے امیدوار اپنا نام اِس مہینے کی

30 تاریخ تک واپس لے سکتے ہیں۔ پہلے مرحلے کی پولنگ 43 حلقوں میں 13 نومبر کو ہوگی۔ اسی دوران اسمبلی انتخابات کے بعد سے ریاست کے مختلف حصوں سے 86 کروڑ 32 لاکھ روپئے سے زیادہ مالیت کا غیرقانونی مواد اور نقدی ضبط کی گئی ہے۔ مثالی ضابطہ اخلاق کی خلاف ورزی کیلئے 20 ایف آئی آرز درج کی گئی ہیں۔

رانچی سے کے کے لال کی رپورٹ کے ساتھ اردو خبروں کیلئے میں فرقان خان

مختلف ریاستوں میں 47 اسمبلی حلقوں اور کیرالہ میں وائیناڈ پارلیمانی حلقے کے ضمنی انتخابات کیلئے کاغذاتِ نامزدگی کی جانچ پڑتال کی گئی جہاں اگلے مہینے کی 13 تاریخ کو پولنگ ہوگی۔ اترپردیش میں 9 اسمبلی سیٹوں، راجستھان میں 7 نشستوں، مغربی بنگال میں 6، آسام میں پانچ سیٹوں اور بہار اور پنجاب میں چار-چار سیٹوں، کرناٹک میں تین نشستوں اور کیرالہ، مدھیہ پردیش اور سکم میں سے ہر ایک میں دو-دو سیٹوں پر ضمنی انتخابات ہوں گے۔

اس کے علاوہ چھتیس گڑھ، گجرات اور میگھالیہ میں سے ہر ایک میں ایک-ایک سیٹ کیلئے اسمبلی کیلئے ضمنی انتخابات بھی منعقد ہوں گے۔ ووٹوں کی گنتی 23 نومبر کو ہوگی۔

## J&K Search Operation

جموں وکشمیر میں اخنور سیکٹر میں ایک فوجی گاڑی پر حملے کے بعد ایک دہشت گرد ہلاک کردیا گیا۔ آکاشوانی جموں کے نمائندے نے خبر دی ہے کہ دہشت گرد کی لاش ہتھیاروں کے ساتھ دریافت کرلی گئی ہے۔ یہ واقعہ اُس وقت پیش آیا جب دہشت گردوں نے اُس ایمبولینس پر فائرنگ شروع کی جو آج صبح ایک فوجی قافلے میں شامل تھی۔ حملے کے بعد دہشت گردوں کا پتہ لگانے اور اُنہیں ختم کرنے کی کارروائی شروع کی گئی اور علاقے میں نفری بھیجی گئی۔ آخری خبریں موصول ہونے تک علاقے میں سکیورٹی فورسز اور دہشت گردوں کے درمیان جھڑپ جاری ہے۔x

## Israel Rejects Ceasefire Proposal

اسرائیل کے وزیراعظم بنیامن نیتن یاہو نے غزہ پٹی میں مختصر مدت کی جنگ بندی کیلئے مصر کے صدر عبدالفتاح السیسی کی تجویز نامنظور کردی ہے۔ مصر کے صدر نے قاہرہ میں الجیریا کے صدر عبدالمجید تبون کے ساتھ مشترکہ پریس کانفرنس کے دوران اس تجویز کا اعلان کیا تھا۔ اِس میں یہ تجویز کیا گیا تھا کہ کئی فلسطینی قیدیوں کے عِوض اسرائیل کے یرغمال بنائے گئے 4 افراد کی رہائی میں سہولت کے لیے دو دن کی جنگ بندی نافذ کی جائے۔ اِس کے بعد مستقل جنگ بندی کے لیے 10 دن میں مذاکرات کیے جائیں۔ کئی اسرائیلی وزیروں اور اسرائیل کے سیکورٹی انتظامیہ کی طرف سے حمایت کرنے کے باوجود نیتن یاہو نے اِس تجویز کی مخالفت کی ہے۔x

## Stocks Close

گھریلو شیئر بازار گذشتہ پانچ دن سے جاری گراوٹ کے بعد آج مثبت رجحان کے ساتھ بند ہوا۔ بامبے اسٹاک ایکسچینج کا اشاریہ 603 پوائنٹس کے اضافے کے ساتھ 80 ہزار پانچ پوائنٹس پر بند ہوا، جبکہ نیشنل اسٹاک ایکسچینج کا نفٹی 150 پوائنٹس کے اضافے کے ساتھ 24 ہزار 339 پر بند ہوا۔ x

### Goyal Saudi Visit

کامرس اور صنعت کے مرکزی وزیر پیوش گوئل سعودی عرب کا دو روزہ دورہ کریں گے، جو کل سے شروع ہو رہا ہے۔ اِس دورے کا مقصد بھارت اور سعودی عرب کے درمیان جامع شراکت داری کو مزید مستحکم کرنا اور تجارت، سرمایہ کاری نیز اقتصادی تعاون کی نئی جہتوں کی جستجو کرنا ہے۔ دورے کے دوران، جناب گوئل، ریاض میں مستقبل کی سرمایہ کاری کی پہل کی آٹھویں میٹنگ میں شرکت کریں گے۔وزیر موصوف کلیدی سعودی وزراء کے ساتھ توانائی کی تبدیلی، ڈیجیٹل تبدیلی اور تجارتی سہولیات میں اشتراکی کاوشوں پر تبادلہ خیال کریں گے۔ جناب گوئل بھارت-سعودی جامع شراکت داری کونسل کے تحت اقتصادی اور سرمایہ کاری کی کمیٹی کی دوسری وزارتی میٹنگ کی معاون صدارت کریں گے، جو زراعت، خوراک کے تحفظ، توانائی، ٹیکنالوجی اور بنیادی ڈھانچے جیسے شعبوں پر توجہ مرکوز کرے گی۔

وزیر موصوف بھارتی سفارتخانے میں ایک ضلع، ایک پروڈکٹ کی بھی نقاب کشائی کریں گے۔x

### Pradhan BHU

تعلیم کے مرکزی وزیر دھرمیندر پردھان نے آج کہا کہ بھارت سبھی شعبوں میں تیزی سے ترقی کررہا ہے اور ملک کے نوجوان اس ترقی میں اہم رول کے حامل ہیں۔ انہوں نے مزید کہا کہ ایک نئے اور مضبوط ملک کی تعمیر کرنا نوجوانوں کی ذمہ داری ہے۔ جناب دھرمیندر پردھان آج اترپردیش کے وارانسی میں بنارس ہندو یونیورسٹی کے انڈین انسٹی ٹیوٹ آف ٹیکنالوجی کی 13ویں تقسیمِ اسناد تقریب میں اظہارِ خیال کررہے تھے۔ انہوں نے ادارے کی تحقیقی صلاحیتوں میں اضافہ کرنے کی غرض سے چار سو کروڑ روپے مالیت کے کئی پروجیکٹوں کا سنگِ بنیاد بھی رکھا۔ جناب پردھان نے IIT کے امتیازی کامیابی حاصل کرنے والے طلباء کو ڈگریاں عطا کیں۔ x

### FCI Grievance Portal

صارفین کے امور، خوراک اور تقسیم عامہ کے مرکزی وزیر پرہلاد جوشی نے کہا ہے کہ سرکار، چاول کے مِل مالکان سے اُن کی پوری پیداوار خریدنے کے لیے پرعزم ہے۔ انہوں نے نئی دلی میں چاول کے مِل مالکان کے لیے بھارتی فوڈ کارپوریشن کے شکایات کے ازالے سے متعلق نظام کے آغاز کے دوران یہ بات کہی۔ وزیر موصوف نے کہا کہ شکایات کے ازالے سے متعلق طریقۂ کار کو حکومت اولین ترجیح دے رہی ہے۔ انہوں نے کہا کہ یہ پورا نظام، رجسٹریشن سے لے کر شکایات کے ازالے تک آن لائن ہے۔ انہوں نے کسانوں کو یقین دہانی کرائی کی کہ مِل مالکان کی ہر شکایت سے نمٹا جائے گا اور شفاف طریقے سے اُس کا حل نکالا جائے گا۔ پورٹل کی خصوصیات کے بارے میں بات کرتے ہوئے وزیر موصوف نے کہا کہ مِل مالکان اپنی شکایت درج کراسکیں گے اور ایک مقررہ وقت میں اُن کا حل بھی کیا جائے گا۔

### Navy Swavlamban

چیف آف دی نیول اسٹاف ایڈمیرل دنیش کے ترپاٹھی نے اختراع اور تحقیق کے فروغ میں نوجوان

Entrepreneurs کے تعاون کو اجاگر کیا۔ بھارتی بحریہ کی بحری شعبے میں اختراع اور متعلقہ ساز و سامان کو ملک میں ہی تیار کرنے کے عمل پر سیمینار ، جس کا موضوع Swavlamban-2024 ہے، آج نئی دلّی میں اس کا تیسرا ایڈیشن منعقد ہوا۔ اس کا افتتاح کرتے ہوئے، ایڈمیرل دنیش کے ترپاٹھی نے کہا کہ اس موقع پر بھارتی فضائیہ، بھارتی بری فوج، بھارتی ساحلی محافظ اور سرحدی سلامتی دستے سمیت مختلف محکموں کی جانب سے 115 اسٹالز لگائے گئے ہیں۔ ہمارے نامہ نگار کی اطلاعات کے مطابق اس دو روزہ سیمینار کا مقصد بھارتیہ بحریہ کے اختراعی اور متعلقہ ساز و سامان کو ملک میں ہی تیار کرنے کے عمل کے اقدامات کو فروغ دینا ہے۔ Swavlamban-2024 میں کئی کمپنیاں اور اسٹارٹ اَپس حصہ لے رہے ہیں، جہاں وہ اعلیٰ ٹیکنالوجیز سے متعلق مصنوعات جیسے فضائی اور زمین پر نگرانی، زمین، ہوائی اور زیرِ آب حصوں میں خود مختار نظام، مصنوعی ذہانت اور Quantum ٹیکنالوجیز کو پیش کررہے ہیں۔ وزیر دفاع راج ناتھ سنگھ Swavlamban میں کل شرکت کریں گے۔ x

## AIIMS Grassroot

دلّی کے آل انڈیا انسٹی ٹیوٹ آف میڈیکل سائنسز نے آج نئی دلّی میں Grassroot یعنی Gravity Stent Retriever System for Reperfusion of Large Vessel Occlusion Trial کے کلینیکل ٹرائل کے آغاز کا اعلان کیا۔ یہ ٹرائل ایک ایڈوانس Stent Retriever کے تحفظ اور کارکردگی کا تجزیہ کرے گا۔ دلّی کے ایمس نے ایک بیان میں کہا کہ یہ Stent Retriever آئندہ نسل کا ایک آلہ ہے جو بھارتی آبادی میں دِل کے دورے کی وجہ سے خون جمنے کی منفرد وجوہات پر توجہ مرکوز کرے گا۔x

## Haryana - Stubble Burning

ہریانہ حکومت نے پرالی جلانے کے واقعات پر قابو پانے کیلئے ''راجیہ وششٹ یوجنا'' اسکیم کو لاگو کردیا ہے۔ اس اسکیم کے تحت پرالی کو صحیح طریقے سے ٹھکانے لگانے کیلئے کسانوں کو مالی مدد فراہم کی جائے گی۔ حکومت نے پنچایتوں کیلئے پرالی جلانے کے واقعات پر مکمل طور پر روک لگانے کا ہدف طے کیا ہے۔ ایک سرکاری ترجمان نے کہا کہ پرالی جلانے پر مکمل روک کیلئے Red Zone میں آنے والی پنچایتوں کو ایک لاکھ روپے ، جبکہ Yellow زون میں آنے والی پنچایتوں کو 50 ہزار کی مالی امداد دی جائے گی۔ x

## Afghanistan Passenger Killed

افغانستان کے Uruzgan صوبے میں ایک گاڑی کے ندی میں گرجانے سے ہوئے حادثہ میں 8 افراد ہلاک ہوگئے۔ صوبائی اتھارٹی نے کہا کہ یہ حادثہ آج صبح اُس وقت پیش آیا، جب مسافر گاڑی ایک لکڑی کے پُل کے اوپر سے گزر رہی تھی۔ گاڑی کے وزن سے پُل ٹوٹ گیا اور گرگیا ، پُل کی خستہ حالت ، گاڑی پر ضرورت سے زیادہ وزن ہونا اور لاپرواہی سے گاڑی چلانا ، اس حادثہ کی اہم وجوہات ہیں۔ x

☆☆☆☆☆☆☆☆